# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 02 September-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲؍ستمبر ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ 2029 تک ریاست سے منشیات کو مکمل طور پر ختم کرنے کیلئے جامع پالیسی کو منظوری۔

☆ ریاست کے کھلے خوردنی تیل فروشوں کو اپنے کاروباری طریقوں میں ضروری تبدیلیاں کرنے کیلئے ایک سال کی منتقلی مدت دینے کا فیصلہ۔

☆ ملک کی معاشی ترقی کی شرح کو برقرار رکھنا ہے تو خود انحصاری پر زور دیا جائے: وزیر اعظم کا بیان۔

☆ NEET پیپر لیک احتجاج کے دوران طلباء کے خلاف درج تمام مقدمات واپس۔

اور۔۔۔☆ محکمہ موسمیات کی ریاست میں اس سیزن کی اب تک کی اوسط سے 13 فیصد کم بارش ہونے کی اطلاع۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ریاست سے 2029 تک منشیات کو مکمل طور پر ختم کرنے کیلئے تیار کی گئی جامع پالیسی کو کل ریاستی کابینہ کی میٹنگ میں منظوری دی گئی۔ اس پالیسی کو تمام سرکاری محکموں کی شراکت سے نافذ کیا جائے گا۔ گاؤں کی سطح سے لے کر ضلع، ڈویژنل اور وزارتی سطح تک ذمہ داریاں تقسیم کر دی گئی ہیں۔ اس میں منشیات سے متعلق آگاہی کا کم از کم ایک سبق اگلے تعلیمی سال سے اسکولی تعلیم میں شامل کیا جائے گا، جس کا آغاز جماعت پنجم سے ہوگا۔

کابینہ نے سرکاری و نیم سرکاری اجلاسوں، پروگراموں اور کینٹینوں میں صحت بخش کھانے کی اشیاء رکھنے کی پالیسی کو بھی منظوری دی۔ اس کے تحت کھانے پینے کی اشیاء کو متوازن رکھنا لازمی ہوگا۔

**** **** *****

ریاستی حکومت کے محکمہ محصول اور جنگلات کے ذریعے زمین کے انتظام کیلئے تیار کردہ مہا بھومی اسٹیک سسٹم کو کل کابینہ کی میٹنگ کے بعد شروع کیا گیا۔ بہت سے معاملات میں، شہریوں کو زمین کے لین دین' خرید و فروخت اور لین دین کے بعد مہا بھولیکھ، مہا بھونکاشا، IDRS جیسے مختلف نظاموں کی مدد لینی پڑتی ہے۔ ان تمام بکھرے ہوئے نظاموں کو یکجا کرتے ہوئے، دس بڑی زمینی خدمات کیلئے ایک واحد مربوط ڈیجیٹل گیٹ وے مہا بھومی لیکھ اسٹیک کے ذریعے دستیاب کرایا گیا ہے۔

**** **** *****

ریاست میں چھوٹے خوردنی تیل بیچنے والوں کو موجودہ قانون کے مطابق اپنے کاروباری طریقوں میں ضروری تبدیلیاں کرنے کیلئے ایک سال کی عبوری مدت دی جائے گی۔ ان تبدیلیوں کیلئے اقدامات اور رہنمائی تجویز کرنے کیلئے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن اور تجارتی نمائندوں کی ایک مشترکہ کمیٹی بنائی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یقین دلایا کہ ریاستی حکومت ان تبدیلیوں کا سامنا کرتے ہوئے تاجروں کو ضرورت کے مطابق مدد، سہولیات اور گرانٹس یا سبسڈی فراہم کرے گی۔ وہ کل ممبئی میں خوردنی تیل کے تاجروں کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

**** **** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں کہا کہ اگر ملک کی اقتصادی ترقی کی شرح کو برقرار رکھنا ہے تو خود انحصاری پر زور دینا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ اگر مقامی اور خود انحصاری پر زیادہ زور دیا جائے تو سال 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کا خواب پورا کیا جاسکتا ہے۔وزیر اعظم نے ایک بار پھر غیر ملکی دوروں اور سونے کی خریداری سے گریز کرنے کی اپیل کی۔انہوں نے دنیا بھر کے غیر مستحکم ماحول کے درمیان سات اعشاریہ آٹھ فیصد کی شرح نمو حاصل کرنے پر ہم وطنوں کو مبارکباد دی۔

***** ***** *****

گھریلو بازار میں شکر کی مناسب دستیابی کو یقینی بنانے اور ذخیرہ اندوزی کو روکنے کیلئے مرکزی حکومت نے شکر بیچنے والوں کے ذخیرے کی حد چار ہزار کوئنٹل سے گھٹا کر دو ہزار کوئنٹل کر دی ہے۔اس نئی حد کا اطلاق 15 ستمبر سے 30 نومبر 2026 تک ہوگا۔شکر کو وصولی کی تاریخ سے 30 دن سے زیادہ ذخیرہ نہیں کیا جاسکتا اور ملک میں کسی بھی جگہ اور کسی بھی وقت دو ہزار کوئنٹل سے زیادہ شکر ذخیرہ نہیں کی جاسکے گی۔

***** ***** *****

سپریم کورٹ نے NEET پیپر لیک معاملے میں 20 سے 25 جولائی کے دوران طلباء کے احتجاج سے متعلق درج تمام مقدمات کو منسوخ کرنے کا حکم دیا ہے۔یہ کہتے ہوئے کہ اس طرح کے تمام مقدمات کو ہمیشہ کیلئے بند سمجھا جانا چاہیے، سپریم کورٹ نے اس ضمن میں مرکزی اور کچھ ریاستی حکومتوں کی جانب سے دائر تمام درخواستوں کو خارج کر دیا۔عدالت نے یہ بھی واضح کیا کہ یہ حکم پورے ملک پر نافذ ہے۔

دریں اثناء، مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی مرکزی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ طلباء کے خلاف درج مقدمات واپس لیے جارہے ہیں۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے کے ضلع پریشد اسکولوں کے کلاس رومز، بیت الخلاء، پینے کے پانی کے نظام اور کمپاؤنڈ وال کی موجودہ حالت کا معائنہ کرنے اور 7 ستمبر تک رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت سرپرست وزیر پنکجا منڈے نے دی ہے۔کل منعقدہ جائزہ میٹنگ میں انہوں نے نئے کلاس رومز کی تعمیر، پرانے کلاس رومز کی مرمت،لڑکوں اور لڑکیوں کے بیت الخلاء کی حالت اور ضلع پریشد اسکولوں میں پینے کے پانی کے نظام کا جائزہ لیا۔انہوں نے آئندہ چند دنوں میں ضلع کی آنگن واڑی اور گرام پنچایت کی عمارتوں کا جائزہ لینے اور رپورٹ تیار کرنے کی بھی ہدایت دی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت کی مختلف اسکیموں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے والی دو روزہ تصویری نمائش کا کل دھاراشیو میں ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار اور ضلع پریشد کے چیف ایگزیکٹیو پرینوودا مہڑ دَڑ کرنے افتتاح کیا۔ضلع کلکٹر نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اس تصویری نمائش کے ذریعے مطلوبہ ضلعے کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے نافذ کردہ ترقیاتی اسکیموں کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔

دریں اثناء، اطلاعات ونشریات کی وزارت،حکومت ہند کے پریس انفارمیشن دفتر کی جانب سے کل دھاراشیو میں صحافیوں کیلئے ایک پریس بریفنگ کا اہتمام بھی کیا گیا۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلعے میں تین دنوں کیلئے تیز بخار سروے، کیڑوں سے متعلق سروے اوراحتیاطی تدابیر کی ایک خصوصی مہم کل شروع ہوئی۔محکمہ صحت نے یہ مہم شروع کی ہے۔ضلعے میں پچھلے کچھ دنوں میں وائرل بخار کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔

***** ***** *****

کل ملک بھر میں قومی غذائیت مہینہ شروع ہوگیا۔اس کے تحت غذائیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کیلئے مختلف سرگرمیاں عمل میں لائی جائیں گی۔

آج صبح دس بجکر 45 منٹ پر ہمارے متعلقہ ہفتہ وار پروگرام پراسنگک میں چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے میں غذائیت کے مہینے کے موقع پر مختلف سرگرمیوں اوراسکیموں کے بارے میں ضلعی پروگرام آفیسر ڈاکٹر منگل پانچاڑ کی جانب سے دی گئی معلومات آپ سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کلکٹر ونئے گوڑا جی سی نے ہدایت کی ہے کہ تمام گروپ اس سال کے گنیش اتسو کو ڈی جے سے پاک، محفوظ اور ماحول دوست بنانے کیلئے آپس میں تال میل برقرار رکھیں۔وہ کل اس سلسلے میں سرکاری محکموں کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ضلع کلکٹر نے یہ بھی ہدایت دی کہ عوامی گنیش منڈلوں کومنڈپ کی تعمیر سے لے کر وسرجن تک تمام حفاظتی اصولوں پر سختی سے عمل کرنا چاہئے اور محکمہ خوراک اورادویات کو چاہئے کہ وہ گنیش منڈلوں کے ذریعہ تقسیم کیے جانے والے پرساد اور بازار میں پرساد کیلئے فروخت کی جانے والی مٹھائیوں کا خصوصی معائنہ کرے۔

***** ***** *****

ہنگولی کے ضلع کلکٹر راہل گپتا نے اپیل کی ہے کہ ووٹر لسٹ کی خصوصی نظر ثانی کے تحت شائع شدہ ڈرافٹ ووٹر لسٹ میں آپ کا نام یا نہیں ہے۔اگر آپ کا نام فہرست میں نہیں ہے تو متعلقہ بی ایل او سے فوری رابطہ کریں اور ضروری کارروائی مکمل کریں۔وہ کل ''صحافیوں سے بات'' کے پروگرام میں اظہارِ خیال کررہے تھے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کے لیے جاری احتجاج کے پیش نظر، ناراض مراٹھا بھائیوں نے کل بیڑ ضلعے کے پاڈڑ شنگی ٹول ناکے کے پاس ٹائر جلا کر حکومت کے خلاف احتجاج کیا۔اس احتجاج کی وجہ سے شولاپور-دھولیہ قومی شاہراہ پر ٹریفک میں خلل پڑا۔

دریں اثناء، ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ مراٹھا ریزرویشن کے مطالبے کی حمایت میں کل 3 ستمبر کو بیڑ ضلع بند کی کال دی گئی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں بارش کی کمی کی وجہ سے فصلیں تباہ ہونے کا خطرہ ہے، شیتکری حق مورچہ تنظیم نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر مصنوعی بارش کا تجربہ کرے۔اس مطالبے پر مبنی محضر کل ضلع کلکٹر کو پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے ریاست میں اس سیزن میں اب تک کی اوسط سے 13 فیصد کم بارش ہونے کی اطلاع دی ہے۔ مانسون کے دوران ریاست میں اوسط بارش 822 اعشاریہ 2 ملی میٹر ہے، لیکن اس سال یہ 718 اعشاریہ پانچ ملی میٹر ہوئی ہے۔ ودربھ اور مراٹھواڑہ کے زیادہ تر اضلاع میں اوسط سے کم بارش ہوئی ہے، جبکہ شمالی مہاراشٹر، کوکن، وسطی مہاراشٹر اور مغربی مہاراشٹر کے بیشتر اضلاع میں اوسط یا اس سے زیادہ بارش درج کی گئی ہے۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے اگلے دو دنوں تک ریاست کے بیشتر مقامات پر ہلکی تا درمیانی بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ مراٹھواڑہ کے ہنگو لی اور ناندیڑ اضلاع میں آج بارش کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں کل سے ہیلمٹ سختی کا نفاذ شروع ہوگیا ہے۔ ضلع کے تمام پولس اسٹیشنوں کے دائرۂ اختیار میں آنے والے راستوں پر بغیر ہیلمٹ سفر کرنے والے دو پہیہ چلانے والوں کے خلاف تعزیری کارروائی کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر اسٹیٹ گرام پنچایت افسر یونین کی بیڑ شاخ نے کل ضلع کلکٹر کے دفتر پر خاموش مورچہ نکالا۔ اس موقعے پر ایک محضر دیا گیا جس میں اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران ملازمین کی حفاظت، دیہاتوں میں گرام سبھا کی تعداد میں کمی، خدمات سے متعلق زیر التوا مسائل اور انصاف کے حقوق کی تکمیل کا مطالبہ کیا گیا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

- ☆ 2029 تک ریاست سے منشیات کو مکمل طور پر ختم کرنے کیلئے جامع پالیسی کو منظوری۔
- ☆ ریاست کے کھلے خوردنی تیل فروشوں کو اپنے کاروباری طریقوں میں ضروری تبدیلیاں کرنے کیلئے ایک سال کی منتقلی مدت دینے کا فیصلہ۔
- ☆ ملک کی معاشی ترقی کی شرح کو برقرار رکھنا ہے تو خود انحصاری پر زور دیا جائے: وزیر اعظم کا بیان۔
- ☆ NEET پیپر لیک احتجاج کے دوران طلباء کے خلاف درج تمام مقدمات واپس۔
- اور۔۔۔☆ محکمہ موسمیات کی ریاست میں اس سیزن کی اب تک کی اوسط سے 13 فیصد کم بارش ہونے کی اطلاع۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****